© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات ان کی

○ آٹے کا تھیلا تین روپے تک مہنگا کرنے کا اعلان (ایک خبر)

مرے کو مارے شاہ مدار

○ دھماکوں کا نواز شریف نے شہباز کو بھی نہیں بتایا تھا۔ افتخار کون ہے؟ (ملک ظہور)

پاگلاں دی نانی!

○ پولیس حراست میں نوجوان کی ہلاکت۔ ایک تھانیدار گرفتار۔ دو فرار (ایک خبر)

ملک میں پولیس ملازمین کا قتل شاید اسی کا رد عمل ہے۔

○ ڈی ایس پی کے جسم پر ۱۰۰ گولیاں لگیں (ایک خبر)

عام شہری کیسے محفوظ رہ سکتا ہے۔

○ عثمان فاروقی ملازمت سے فارغ۔ (ایک خبر)

اب لوٹنے کے لئے باقی رہ ہی کیا گیا تھا۔

○ میرا قصور صرف اتنا ہے کہ بے نظیر کا شوہر ہوں۔ (آصف زرداری)

باقی سب بے نظیر کا قصور ہے!

○ کراچی بارود کا ڈھیر ہے۔ جون میں ۱۷۱ قتل ہوئے (ڈی آئی جی)

آواز دو انصاف کو، انصاف کہاں ہے؟

○ حکومت کی بنیاد جھوٹ پر ہے۔ (قاضی حسین احمد)

قاضی صاحب! جمہوریت کی بنیاد بھی جھوٹ پر ہے۔ اس کا پیچھا چھوڑ دیں۔

○ میرے پاس رشوت کا کوئی پیسہ نہیں (بینظیر)

واہ! مائی رابعہ بصری!

○ جنت اماں جی کے قدموں تلے ہے۔ (بے نظیر)

تبھی تو اماں جی کو یرغمال بنا رکھا ہے۔

○ زمیندار کے بیٹوں نے کاشتکار کی بیوی پر کتے چھوڑ دیئے۔ عورت چیختی رہی ملزم قہقہے لگاتے رہے۔ (ایک خبر)

ثنا خوان تقلید مغرب کہاں ہیں؟

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



○ طالبان کی پولیس نے سترہ ڈرائیوروں کو گانا سننے کے الزام میں تین دن کے لئے جیل بھیج دیا۔ (ایک خبر)
کبھی یہ دن پاکستان میں بھی آئیں گے؟

○ عوام کے لئے فکر مند ہوں۔ (بے نظیر)
عوام کو چھوڑیں اپنی فکر کریں۔

○ نواز شریف خود چیتے کا بچہ جنگل میں چھوڑیں گے تاکہ وہ اپنی ماں سے مل سکے۔ (ایک خبر)
کراچی میں کئی ماؤں کے بچے روزانہ مر رہے ہیں وہ چیتے کے بچے سے زیادہ قیمتی ہیں۔

○ دو بیویوں نے جھگڑالو شوہر کو ذبح کر دیا۔ (ایک خبر)
دو بیویوں والے حضرات جھگڑے سے پرہیز کریں۔

○ اے ڈی سی جی مظفر گڑھ قتل کا ملزم چھڑانے کے لئے جج کے گھر پہنچ گئے۔ (ایک خبر)
ہاں جی! حکومت ہی اپنی ہے۔

○ اللہ کو واحد قوت مان لیں تو جھوٹے خداؤں سے نجات مل سکتی ہے۔ (نواز شریف)
اللہ کا نظام نافذ نہ کریں۔

○ سندھ پولیس کے ۳۶۰ پنجاب کے ۲۱۹۸ اہل کاروں کے دہشت گردوں سے رابطے ہیں۔ (ظفر الحق)
اور بقایا زنا شراب ڈاکہ چوری اور قتل اغوا کی سرپرستی کرتے ہیں۔

○ احسانات چکانے کے لئے زرداری نے مجھے منشیات سمگل کرنے کی کھلی چھٹی دی۔ (نورا ٹیڈی)
فتو دے یار کوئی موچی کوئی کمہار

○ حکومت احتساب کا عمل علماء کے سپرد کر دے۔ (بینظیر)
۔اور طاہر القادری کو اس کا سربراہ بنا دیں۔

○ پرائمری سے ایم اے تک ٹیوشن فیس میں ۲۴ فیصد اضافے کی حتمی منظوری (ایک خبر)
تعلیم مفت مہیا کرنے کا شاہی منصوبہ!

○ پولیس کا ویگن ڈرائیور اور کنڈیکٹر پر تشدد۔ مونچھیں نوچ ڈالیں۔ (ایک خبر)
پولیس ظلم بند کر دے ورنہ مظلوموں سے نہ بچ سکے گی۔

○ مری بیوری کو شراب برآمد کرنے کی اجازت مل گئی۔ ۵۰ ہزار کارٹن برطانیہ جائیں گے (ایک خبر)
قرآن مجید میں شراب کو حرام قرار دیا گیا ہے۔ کیا حکومت مسلمانوں کی ہے!

© rasailojaraid.com